© rasailojaraid.com



**قیمت وصفحات** : درج نہیں، صفحات ۸۸

ڈاکٹر صاحب کی یہ کتاب عربی میں ہے، اس میں ۷۰ سے زائد ایسے وقعات کو جمع کیا گیا ہے جن سے صحابہ رضی اللہ عنہم کی آپ ﷺ سے محبت کی شدت واضح ہوتی ہے۔ لوگوں میں عشق رسول ﷺ وحب رسول ﷺ کے جزبہ کو پروان چڑھانے کے لئے انتہائی مفید کوشش ہے، اس کا اردو میں بھی ترجمہ ہونا چاہئے۔ تمام واقعات مستند مآخذ سے لئے گئے ہیں، رطب ویابس سے پرہیز کیا گیا ہے۔

**کتاب کا نام** : **عورت کی زیب وزینت قرآن وسنت کے آئینہ میں**

**مصنفہ** : گلریز محمود صاحبہ

**ناشر** : مکتبہ جدید پریس۔ ۵ لوئر مال، مکہ سینٹر ۳ گراؤنڈ فلور، لاہور، ۲۰۱۲ء

**قیمت وصفحات** : ۴۰۰ روپے، صفحات ۲۱۷

یہ کتاب گلریز صاحبہ کی ہے جو پنجاب یونیورسٹی میں ریسرچ اسکالر ہیں اور ڈین فیکلٹی اسلامک اسٹڈیز جامعہ پنجاب پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمود اختر صاحب کی اہلیہ ہیں۔

یہ کتاب ۲۰۱۲ء وفاقی وزارت مذہبی امور میں خواتین کے لئے منعقدہ مقابلہ کتب میں پہلے انعام کی مستحق قرار پائی اور ایوارڈ دیا گیا۔ یہ کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے، اور اس موضوع پر اردو میں پہلی کتاب ہے، عرب دنیا میں ان موضوعات پر ہر زاویہ سے لکھا گیا ہے، لیکن اردو کی گود خالی تھی۔

پہلے باب میں زیب وزینت کا مفہوم اور جمالیاتی پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا ہے، دوسرے باب میں زمانہ جاہلیت کی زیب وآرائش سے بحث کی گئی ہے۔ تیسرے باب میں لباس کی آرائش کے شرعی احکامات کو بیان کیا گیا ہے۔ اس باب میں فقہی مباحث کے ساتھ ازواج مطہراتؓ کے لباسوں کی نظیر بھی پیش کی گئی ہے۔ چوتھے باب میں بالوں کی آرائش اور کلر کرنے کے احکامات بیان کئے گئے ہیں۔

پانچویں باب میں زیب وزینت کے لئے مصنوعی ذرائع کو زیر بحث لایا گیا ہے، اس میں لینسز، فیس پاؤڈر، لمبے ناخن شامل ہیں۔ چھٹے باب میں زینت کے مستقل ذرائع سے بحث کی گئی ہے۔ جس میں جسمانی اعضاء کی پلاسٹک سرجری، دانتوں کی اصلاح، جیسے مسائل زیر بحث آئے ہیں۔ ساتویں باب میں پاکستانی خواتین کے علاقائی لباس اور زیورات کا تعارف کرانے کے ساتھ ان کے شرعی احکامات بیان کئے گئے ہیں۔ یہ باب سب سے زیادہ طویل ہے، اس باب میں سے پاکستان میں خواتین کے کلچر کا مکمل جائزہ سامنے آجاتا ہے۔ ذیل میں تقابلی مطالعہ کے لئے ہندوستان، ملائشیا، ایران، عراق، عمان، مصر، ترکی

© rasailojaraid.com